© rasailojaraid.com



ایجنڈے میں احتساب کا تذکرہ اگرچہ کیا ہے لیکن قوم کی متفقہ رائے یہ ہے کہ اس کو اولیت دی جائے اور بے رحم احتساب کیا جائے کہ جو رہتی دنیا تک تازیانہ عبرت بنا رہے۔

پیپلز پارٹی کی مکار اور غدار دین دشمن چیرپرسن بے نظیر بھٹو مسلسل پرویز مشرف کو علماء، دینی مدارس اور اسلامی بنیاد پرستوں سے خوف دلا رہی ہے کہ "اگر بڑی جماعتوں کا احتساب ہوا تو دینی جماعتوں اور بنیاد پرستوں کو اقتدار کا موقع مل جائیگا۔ جو بڑی خطرناک بات ہے۔" اسی طرح بھارتی وزیر اعظم واجپائی نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ "نواز شریف ہندوستان کو سوٹ کرتا ہے اسلئے کہ نواز شریف کے بعد طالبان اور دینی قوتیں اقتدار میں آئیں گی۔" ہم یہ بات واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ مسلم لیگ، پیپلز پارٹی اور دیگر سیکولر جماعتیں آئندہ اقتدار میں آنے کا تصور تک نہ کریں اب آیندہ ملک کا مقدر اسلامی انقلاب ہی ہے۔ موجودہ سیٹ اپ کے بعد دینی قوتوں کیلئے میدان مکمل صاف ہو گیا ہے۔ کوئی بھی طاقت عوامی مطالبے کو مزید نہیں روک سکتی۔ اسلامی انقلاب کی ضرورت وقت کی آواز ہے تاریخ کا مطالبہ ہے اور یہی مشیئت ایزدی ہے۔ موجودہ حالات کی نئی کروٹ اسلام پسندوں کیلئے ایک حیات نو ہے دنیا کے تمام باشعور قوتوں اور تھنک ٹینکس کو بھی اس حقیقت کا ادراک ہو چکا ہے۔ بے نظیر اپنے آپ کو مزید دھوکے میں نہ رکھے۔ آخر میں ہماری دعا ہے کہ خداوند کریم حکمرانوں کو ملک و ملت کی خواہشات اور قومی امنگوں کے مطابق خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ امین

---

## دارالعلوم حقانیہ کی جانب سے امیر المومنین شمس الاسلام ملا محمد عمر مجاہد مدظلہ کو اعزازی ڈگری پیش کی گئی

عالم اسلام کی ممتاز علمی، دینی، فکری اور جہادی درسگاہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ کی سالانہ تقریب دستار بندی کے عظیم الشان موقع پر جامعہ کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے تحریک طالبان کے قائد، روح رواں اور امارت اسلامیہ افغانستان کے امیر المومنین

© rasailojaraid.com